# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

**Date : 17 August 2026**

**Time : 12:30 PM**

**Opening**

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عمر مختار

سینسس

جموں وکشمیر کے **16** اضلاع میں نشاندہ کئے گئے برف پوش بالائی علاقوں اور مرکز کے زیر انتظام لداخ میں آج سے مردم شماری کے سلسلے میں سیلف **Enumeration** کا آغاز ہوگیا ہے۔ یہ عمل **31** اگست تک جاری رہے گا۔ جموں کشمیر اور لداخ کیلئے ڈائریکٹر سینسس آپریشن امت شرمانے کہا کہ اس عمل سے نشاندہ کئے گئے علاقوں کے باشندوں کو ڈیجیٹل موڑ کے ذریعے اپنے بارے میں تفصیلات فراہم کرنے کا موقع ملے گا۔

بُڈھا یاترا

جموں صوبے کے پیر پنچال خطے کے پونچھ ضلع میں شری بابا بُڈھا امرناتھ جی یاترا کا آج سے باضابطہ آغاز ہوگیا ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج صبح بھگوتی نگر جموں سے یاتریوں کے پہلے قافلے کو جھنڈی دکھا کر اس یاترا پر روانہ کیا۔ اس موقعے پر یاتریوں کے تئیں نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ایل جی نے یاترا کے منتظمین کے کام کی سراہنا کی۔ انہوں نے اُمید ظاہر کی کہ یہ یاترا ہر شردھالو کی زندگی میں مثبت بدلاؤ کا ایک وسیلہ ثابت ہوگی۔

لیفٹیننٹ گورنر گیت

اس دوران لیفٹیننٹ گورنر نے کل جموں میں ایک تقریب پر ڈوگری گیت ''Chitta'' کے Album کی رسم رونمائی انجام دیں ۔ یہ گیت نشہ مکت جموں کشمیر کے موضوع پر لکھا گیا ہے ۔ایل جی نے اس گیت کے گلو کار پیپی جسروٹیا اور ہدایتکار نیرج این جے کو مبارکباد دی ۔

ترنگا ریلی

ملک کے ساتھ ساتھ جموں وکشمیر میں بھی آج ہر گھر ترنگا مہم کے تحت سرگرمیاں اختتام کو پہنچ رہی ہے ۔

----Music -----

9/اگست کو شروع کی گئی اس مہم کے تحت یوٹی کے تمام اضلاع میں ترنگا ریلیوں اور دیگر پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔ جن کا مقصد حب الوطنی اور قومی یکجہتی کے جذبے کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ ملک کی جدو جہد آزادی کے سپوتوں کو خراج عقیدت ادا کرنا ہے ۔

عرس

آج بلند پایہ ولی حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا سالانہ عرس عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جارہا ہے ۔اس سلسلے میں خواجہ بازار سرینگر میں واقعہ خانقاہِ نقشبندیہ پر درود واذ کار اور ختمات المعظمات کی مجلس منعقد ہورہی ہے ۔خانقاہ میں ''خوجہ دِگر'' کے نام سے مشہور نماز عصر آج شام ساڑھے پانچ بجے ادا کی جائے گی ۔عقیدتمندوں کی سہولت کیلئے انتظامیہ کی جانب سے تمام انتظامات مکمل کئے گئے ہیں ۔

عید میلاد

اس دوران عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سلسلے میں ایام متبرکہ جاری ہیں ۔اس تعلق سے آثار شریف درگاہ حضرت بل اور وادی کی دیگر خانقاہوں ،مساجد اور بقعہ جات میں خصوصی دینی مجالس کا اہتمام کیا جارہا ہے ۔درگاہ حضرتبل میں ختمات المعظمات کی مجلس کا اہتمام ہر روز نماز عصر سے نماز مغرب تک ہوتا ہے جبکہ آثار شریف شہری کلاشپورہ میں یہ مجالس صبح 8 بجے سے شروع ہوتی ہیں ۔عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تقریب سعید 12 ربیع اوّل یعنی 26/اگست کو منائی جائے گی ۔

## چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں وکشمیر میں ناگہانی آفات کے بعد بحالیاتی عمل کیلئے مرکزی وزارت داخلہ کی طرف سے منظور کردہ ایک ہزار 579 کروڑ روپے کے مالی پیکیج کے تحت جاری کاموں کی تیز تر عمل آوری یقینی بنانے پر زور دیا ہے۔

سرینگر میں متعلقہ افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ اس سلسلے میں پروجیکٹ مرتب کریں۔

## ہارٹیکلچر

زینہ پورہ کے ممبر اسمبلی شوکت احمد گنائی نے ڈائریکٹر ہارٹیکلچر کشمیر وکاس آنند اور چیف ہارٹیکلچر آفیسر شوپیان کے ہمراہ شوپیان کے ژالہ باری سے متاثرہ مختلف علاقوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے ضلعے کے مختلف علاقوں میں متاثر ہوئے باغات کا معائینہ کیا۔ ڈائریکٹر موصوف نے باغ مالکان سے بات چیت کرکے انہیں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں متعلقہ افسران کو فصلوں کے نقصان کا تخمینہ کے حوالے سے رپورٹ جلد تیار کرنے اور باغ مالکان کو فصلوں کے بہتر انتظام کیلئے ضروری رہنمائی فراہم کرنے ہدایت دی۔

## این ای ٹی

نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی نے یو جی سی **NET** امتحان کیلئے انگریزی، کامرس اور سوشیالوجی پرچوں کا دوبارہ امتحان لینے کا اعلان کیا ہے۔ ایجنسی کو ان پرچوں سے متعلق کچھ شکایات موصول ہوئی ہیں۔ این ٹی اے کے مطابق انگریزی اور کامرس پرچوں کا دوبارہ امتحان **9** ستمبر جبکہ سوشیالوجی پرچے کا امتحان **10** ستمبر کو لیا جائے گا۔ واضح رہے یو جی سی **NET** کا امتحان اس برس **22** سے **30** جون تک لیا گیا تھا۔

ایوارڈس

مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ آج نئی دلی میں ایک تقریب پر سال 2026 کے نیشنل Anubhav ایوارڈس عطا کریں گے۔ ان ایوارڈس کے لئے مختلف شعبوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے 15 افراد کو منتخب کیا گیا ہے۔

عوامی شکایات اور پینشنز کی وزارت نے کہا ہے کہ تقریب کے دوران ''پینشن مترا'' نامی ایک کتابچے کی رسم رونمائی بھی انجام دی جائے گی۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

خدا حافظ